| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبّت اور اطاعت |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبّت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں ہمارے آخری نبی کا نام بتائیں۔ سب بچّوں کو ایک بار درودِ ابراہیمی باآوازِ بلند پڑھائیں۔ انھیں بتائیں کہ جب بھی ہمارے آقا و مولا حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ذکر مبارک آئے تو درود پاک لازمی پڑھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے محبوب ترین بندے اور آخری رسول ہیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 27 کے پہلے پیراگراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ۱۲ ربیع الاوّل کو عرب کے شہر مکّہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔
- طلبہ سے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والد ماجد اور والدہ ماجدہ کے نام پوچھیں اور ساتھ ہی تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں اور دو سے تین بار بلند خوانی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جب آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پیدا ہوئے تو بہت سے معجزے ہوئے۔

- آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ **بچپن ہی سے اعلیٰ اخلاق اور بلند کردار کے مالک تھے۔**
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

☆ قبیلے کا نام: قریش ☆ خاندان کا نام: بنو ہاشم

- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللّٰہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا تعلق قبیلہ قریش کے معزز خاندان بنو ہاشم سے تھا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| معزز | مُ۔عَز۔زَز | عزّت دار |
| تعلق | تَ۔عَل۔لُق | واسطہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوال (ا) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللّٰہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا، والد اور چچا کے اسمائے گرامی کا ایک چارٹ تیار کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال:** ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے متعلق معلومات لکھیں۔

ہمارے پیارے نبی
حضرت محمد رسول اللہ
خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

جائے پیدائش ____________

والد کا نام ____________

والدہ کا نام ____________

قبیلے کا نام ____________

خاندان کا نام ____________

دادا اور چچا کا نام ____________

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبّت اور اطاعت |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ ایمان کی تکمیل محبت کے بغیر ممکن نہیں۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت ایمان کا جزو ہے۔ انھیں آگاہ کریں کہ کوئی بھی انسان اُس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت اُس کے دل میں ہر چیز سے زیادہ نہ ہو جائے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۷ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- اُنھیں بتائیں سورۃ آل عمران میں اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے:

ترجمہ: کہہ دیجئیے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور تمھارے گناہ بخش دے گا اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ (سورۃ آل عمران: ۳۱)

- انھیں سمجھائیں کہ رسول کی محبت دراصل اللہ کی محبت ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا تقاضا ہے کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ہر فرمان تسلیم کیا جائے اپنی زندگیوں کو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اسوۂ کے مطابق ڈھال لیا جائے۔اسی کی بنا پر ہم دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے اپنی جان،مال اور اولاد سے بڑھ کر محبت کرتے تھے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ایمان | اِی۔مان | اللہ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور ان کی بتائی ہوئی باتوں پر یقین رکھنا۔ |
| محبوب | مَح۔بُوب | جس سے محبت کی جائے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال(۳)اور(۴)کا جواب لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

نعتِ رسولِ مقبول خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ یاد کر کے کمرا جماعت میں نعت خوانی کا اہتمام کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال:** حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت کے حوالے سے ایک حدیثِ مبارک کا ترجمہ لکھیں۔

| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |

| باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی محبّت اور اطاعت |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت سے مراد ہے کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ہر حکم مانا جائے اور پیروی کی جائے۔ انھیں بتائیں ظاہری عمل کے پیچھے قلبی لگاؤ ضروری ہے۔ غرض یہ کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا حکم ماننا اور فرماں برداری اطاعتِ رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۸ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ارشادِ پاک ہے:

  ترجمہ: جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔ (صحیح بخاری، حدیث: ۷۲۸۰)
- انھیں بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو مکمل فرما دیا اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے ذریعہ دینِ اسلام کو غالب فرمایا اور انسانوں کو زندگی گزارنے کا طریقہ عطا فرمایا۔
- انھیں بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے رحمت اللعالمین یعنی تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ اب قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا اور جو نبوّت کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا اور کذاب

ہو گا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ہدایت | ہِ۔دا۔یَت | سیدھا راستہ دکھانا |
| راہ نمائی | راہ۔ نمائی | ہدایت، راستہ دکھانا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (۲) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

گفتگو کریں اور بتائیں کیا آپ پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تعلیمات کو اپنی زندگی میں اپناتے ہیں؟